# ڈائریکٹرز کی رپورٹ برائے اشتمالی مالیاتی گوشوارے

اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (OLP) کے ڈائریکٹران بمسرت معہ گروپ کے آڈٹ شدہ اشتمالی مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 جون 2025 پیش کرتے ہیں۔ گروپ درج ذیل پر مشتمل ہے:

- اوایل پی فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ (OLP)۔ہولڈنگ کمپنی
- اوایل پی مضاربہ (OM)۔ ذیلی کمپنی
- اوایل پی سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (OSP)۔ذیلی کمپنی

اختتام سال 30 جون 2025 کیلئے اوایل پی کی کارکردگی کا احاطہ کرتی ڈائریکٹران کی رپورٹ صفحہ نمبر 17 پر پیش کی گئی ہے۔ جس میں کاروباری جائزہ، اوایل پی کی آپریشنل کارکردگی، مستقبل کے امکانات اور اوایل پی پر دیگر معلومات شامل ہیں۔ مذکورہ بالا رپورٹ کے مندرجات کو اس رپورٹ کے ساتھ پڑھا جائے، جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 227 اور سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) کے قواعد وضوابط 2019 کی رو سے ڈائریکٹرز کی رپورٹ کا لازمی حصہ ہیں۔

## گروپ کے نتائج

گروپ کے اشتمالی مالیاتی نتائج مختصراً درج ذیل ہیں:

| تفصیل | 2025 | 2024 |
|---|---|---|
| | -------روپے------- | |
| جاری کاروباری سرگرمیاں | | |
| ٹیکس اور لیوی سے قبل منافع | 2,325,147,104 | 2,531,042,154 |
| ٹیکس اور لیویز | 865,250,131 | 969,984,222 |
| جاری کاروباری سرگرمیوں سے منافع | 1,459,896,981 | 1,561,057,932 |
| ختم شدہ کاروباری سرگرمیاں | | |
| ختم شدہ کاروباری سرگرمیوں سے نقصان - ٹیکس کے بعد | (17,445,692) | (15,751,379) |
| سال کا مجموعی منافع | 1,442,451,289 | 1,545,306,553 |
| ہولڈنگ کمپنی کے حصص یافتگان کو منسوب منافع | 1,303,189,813 | 1,419,116,803 |
| نان کنٹرولنگ انٹرسٹ کو منسوب منافع | 139,261,476 | 126,189,750 |
| فی شیئر آمدنی - بنیادی اور رقیق شدہ | 7.43 | 8.09 |
| فی شیئر آمدنی - جاری کاروباری سرگرمیاں - بنیادی اور رقیق شدہ | 7.53 | 8.18 |

## شیئر ہولڈنگ کا طرز

شیئر ہولڈنگ کا طرز اور متعلقہ معلومات بمطابق 30 جون 2025 صفحہ نمبر 265 پر پیش کر دی گئی ہیں۔

## اشتمالی مالیاتی گوشواروں پر مبنی مالیاتی اور عملی کارکردگی

گروپ کا اشتمالی منافع بعد از محصول (ٹیکس) برائے اختتام سال 30 جون 2025 ، 1,303 ملین روپے تھا (2024: میں 1,419 ملین روپے) اور فی حصص آمدنی 6.81 روپے (جون 2024: 8.09 روپے)۔

OM سے 174 ملین روپے منافع (2024: میں 158 ملین روپے)۔ جبکہ OSP سے 38 ملین روپے فائدہ ہوا (2024: میں 9 ملین روپے )۔ اوایم میں 80 فیصد ایکوئٹی اقلیتی حصص یافتگان کی ہے۔

اور اس طرح، اوایم کے منافع میں 139 ملین روپے (2024:126 ملین روپے) اقلیتی حصص یافتگان کا حصہ ہے۔

بورڈ کی جانب سے



شاہین امین

چیف ایگزیکٹو آفیسر



راشد احمد جعفر

ڈائریکٹر

25 ستمبر 2025